کراچی میں فرقہ وارانہ قتل اور ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں کے قتل کے واقعات ایک منظّم سازش کا حصہ ہیں۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

اس قتل وغارتگری میں وہی دہشت گرد عناصر ملوث ہیں جو پورے ملک میں فرقہ وارانہ قتل وغارتگری اور دہشت گردی

کررہے ہیں اوراب کراچی کو اپنی کارروائیوں کا نشانہ بنارہے ہیں

کراچی کو فرقہ وارانہ فسادکی آگ میں جھونکنے اور شہر کو فرقہ وارانہ بنیادوں پر تقسیم کرنے کی گھناؤنی کوشش کی جارہی ہے

کارکنوں کو قتل کرکے ایم کیوایم کو فرقہ واریت اور مذہبی انتہاپسندی کے خلاف عملی جدوجہد کرنے کی سزادی جارہی ہے

پولیس،رینجرز،ایف سی اور مختلف سرکاری ایجنسیوں کے ہزاروں اہلکاروں کی تعیناتی کے باوجود شہر میں قتل وغارتگری کا بازار کیسے گرم ہے؟

عوام کی جان ومال کے تحفظ کی ذمہ داری کی انجام دہی میں ناکامی پر قانون نافذ کرنے والے اداروں ان سے جواب طلب کیا جائے

عوام پرامن رہیں اور شہر کو فرقہ وارانہ فسادکی آگ میں جھونکنے کی سازش کو پرامن رہتے ہوئے اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی

کراچی:۔۔۔27 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں فرقہ وارانہ قتل اور ٹارگٹ کلنگ کے بڑھتے ہوئے واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں سمیت متعدد شہریوں کے بہیمانہ قتل کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی میں گزشتہ چندروز کے دوران شیعہ اور سنی مکتبہء فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کا قتل کیا جارہاہے اور گزشتہ دوروز سے فرقہ وارانہ قتل کے ان مذموم واقعات میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے جبکہ دوسری جانب کراچی کے مختلف علاقوں میں ایم کیوایم کے کارکنوں کو بھی نشانہ بنایا جارہا ہے،گزشتہ دوروز کے دوران شہر کے مختلف علاقوں میں ایم کیوایم کے پانچ کارکنوں اور ہمدردوں کو شہید کیا جاچکا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ فرقہ وارانہ قتل اور ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں کے قتل کے یہ واقعات ایک منظّم سازش کا حصہ ہیں جسکے تحت ایک طرف تو کراچی کو فرقہ وارانہ فسادکی آگ میں جھونکنے اور شہر کو فرقہ وارانہ بنیادوں پر تقسیم کرنے کی گھناؤنی کوشش کی جارہی ہے جبکہ دوسری جانب ایم کیوایم کے کارکنوں کو قتل کرکے ایم کیوایم کو فرقہ واریت اور مذہبی انتہاپسندی کے خلاف عملی جدوجہد کرنے اور عوام میں شعوری بیداری پیدا کرنے کی سزادی جارہی ہے۔اس قتل وغارتگری میں وہی دہشت گرد عناصر ملوث ہیں جو پورے ملک میں فرقہ وارانہ قتل وغارتگری اور دہشت گردی کررہے ہیں اوراب کراچی کو اپنی کارروائیوں کا نشانہ بنارہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ آج کراچی کا ہر شہری یہ سوال کرنے پر مجبور ہے کہ شہر میں پولیس کے ساتھ ساتھ رینجرز،ایف سی اور مختلف سرکاری ایجنسیوں کے ہزاروں اہلکاروں کی تعیناتی کے باوجود شہر میں قتل وغارتگری کا بازار کیسے گرم ہے؟ آخر وہ کونسا ہاتھ ہے جسے اتنی آزادی حاصل ہے کہ وہ جب چاہے اور جہاں چاہے کہیں شیعہ کمیونٹی کے لوگوں کو قتل کررہا ہے،کہیں سنیوں کو قتل کررہا ہے،کہیں ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنوں کو قتل کررہا ہے،دیگر سیاسی ومذہبی جماعتوں کے کارکنوں کو قتل کررہاہے مگر کہیں کوئی اسے روکنے اور پکڑنے والا نہیں ہے؟ آخر عوام کی جان ومال کا تحفظ کرنے اور قیام امن کے ذمہ دار قانون نافذ کرنے والے ادارے جن پر وفاقی وصوبائی بجٹ کا بڑا حصہ خرچ ہوتا ہے وہ کیا کررہے ہیں؟ اگر انکی موجودگی میں بھی قتل وغارتگری کے واقعات تسلسل کے ساتھ ہوتے رہیں تو پھر عوام اپنی جان ومال کے تحفظ کیلئے کسے پکاریں؟ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ شہر کو ان درندہ صفت قاتلوں کے حوالے کردیا گیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف زرداری،وزیراعظم راجہ پرویز اشرف،وزیرداخلہ رحمٰن ملک،گورنرسندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور تمام ارباب اختیار سے پرزور مطالبہ کیا کہ کراچی میں فرقہ وارانہ قتل اور ایم کیوایم کے کارکنوں کے مسلسل قتل کے واقعات کا فی الفور نوٹس لیا جائے،قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ان کی بنیادی ذمہ داریوں کا احساس کرایا جائے اور شہر میں عوام کی جان ومال کے تحفظ کی ذمہ داری کی انجام دہی میں ناکامی پر ان سے جواب طلب کیا جائے اور عوام کو جان ومال کا تحفظ فراہم کیا جائے۔رابطہ کمیٹی نے دہشت گردوں کے ہاتھوں شہید کئے جانے والے ایم کیوایم کے کارکنوں اور دیگر افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کیا اور عوام سے اپیل کی کہ وہ ہرگز مشتعل نہ ہوں،پرامن رہیں اور شہر کو فرقہ وارانہ فسادکی آگ میں جھونکنے کی سازش کو پرامن رہتے ہوئے اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔

## وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار کی امریکی وزیر خارجہ ہیلری کلنٹن سے نیویارک کے مقامی ہوٹل میں ملاقات

## ملاقات میں پاکستان اورامریکہ کے تعلقات، پاکستان کو درپیش چیلنجز، امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

## عالمی برداری کو دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی بے مثال قربانیوں کو کھلے دل سے تسلیم کرنا چاہیے،ڈاکٹر فاروق ستار

## پاکستان اورامریکا کے تعلقات کی بہتری کے لئے ڈاکٹر فاروق ستار کی تجویز کو سراہتے ہوئے مکمل اتفاق کرتے ہیں،ہیلری کلنٹن

نیویارک۔۔۔27 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی کنونیر ووفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے امریکی وزیر خارجہ ہیلری کلنٹن سے نیویارک کے مقامی ہوٹل میں ملاقات کی۔ملاقات میں پاکستان اورامریکہ کے تعلقات، پاکستان کو درپیش چیلنجز، امن وامان کی صورتحال اور خطے میں رونماء ہونے والے واقعات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر ڈاکٹر فاروق ستار نے پاکستان کو درپیش مذہبی انتہاء پسندی، دہشت گردی جیسے مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عالمی برداری کو دہشت گردی کے خلاف پاکستان کے عوام اوراسکی سیکورٹی فورسز کی بے مثال قربانیوں کو کھلے دل سے تسلیم کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ امریکا اور پاکستان کے درمیان دوطرفہ تعلقات بہتر بنا کر ہی خطہ کے عوام کے دل جیتے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ امریکی حکومت پاکستان کی معیشت کی بہتری، کاٹیج انڈسٹری، انرجی سیکٹر بالخصوص خصوصاً تعلیم وصحت کے شعبوں میں خصوصی تعاون فراہم کرے گی۔اس موقع پر ہیلری کلنٹن نے پاکستان اورامریکا کے تعلقات کی بہتری کے لئے ڈاکٹر فاروق ستار کی تجویز کو سراہتے ہوئے اس سے مکمل اتفاق کیا۔

## عوام وکارکنان ایم کیوایم کے سینئر کارکن ندیم نصرت کی والدہ امبر جہاں کی صحت یابی کیلئے دعا کریں،الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔27 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے سینئر کارکن ندیم نصرت کی والدہ محترمہ امبر جہاں کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام خصوصاً ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورایم کیوایم کے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ ندیم نصرت کی والدہ امبر جہاں کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں۔واضح رہے کہ محترمہ امبر جہاں ان دنوں شدید علیل ہیں اورلندن کے مقامی اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔

## عوام وکارکنان حاجی محمد شفیع خان ترین کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں جناب الطاف حسین کی اپیل

لندن:۔۔۔27 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبائی تنظیمی کمیٹی بلوچستان کے رکن انور ترین کے والد حاجی محمد شفیع خان ترین کی علالت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں،نوجوانوں اورکارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ حاجی محمد شفیع خان ترین کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## یوم عشق رسول ؐ کا تقدس پامال کرنے والے شرپسند عناصر کو قانون کی گرفت میں لیا جائے،ایم کیوایم شعبہ خواتین

کراچی:۔۔27،ستمبر 2012ء

ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج کشورزہرا اوراراکین کمیٹی نے یوم عشق رسول ؐ کے موقع پر مظاہروں میں جلاؤ گھیراؤ،لوٹ مار اورتوڑ پھوڑ کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ یوم عشق رسول ؐ کا تقدس پامال کرنے والے شرپسند عناصر کو قانون کی گرفت میں لیا جائے اورانہیں قرار واقعی سزادی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ یوم عشق رسول ؐ کے موقع پر پرتشدد مظاہرین کی مذموم کارروائیاں دراصل اسلام کی تعلیمات کے بالکل منافی ہیں۔انہوں نے کہا کہ یوم عشق رسول ؐ کے موقع پر پُرتشدد کارروائیوں میں ملوث شرپسند عناصر پیار، محبت اورامن وآشتی کے مذہب اسلام کی اصل روح سے ناواقف اور دین اسلام کے نام پر انتہاء پسندی وفرقہ واریت کوفروغ دینے میں ملوث ہیں اورایسے عناصر نہ تو دین اسلام سے مخلص ہیں اورنہ ہی انہیں ملک وقوم کے وقار اورحرمت کا ذرہ برابر خیال بھی ہے۔ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج واراکین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان راجہ پرویز اشرف، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک، گورنرسندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان اوروزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ یوم عشق رسول ؐ کے موقع پر مظاہروں میں جلاؤ گھیراؤ لوٹ مار اورتوڑ پھوڑ کے پرتشدد واقعات کا فی الفور نوٹس لیا جائے اوران میں ملوث افراد کو فوری گرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔27،ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ A-122 کے رکن محمد ندیم ظفر کی والدہ محترمہ قیصر بانو اور ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 133 کے کارکن نوید علی کے والد سیّد مشتاق علی کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ہزارہ عوامی اتحاد کے بانی وچیئرمین ولی محمد خان جدون کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔27 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ہزارہ عوامی اتحاد کے بانی وچیئرمین ولی محمد خان جدون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین، ہزارہ عوامی اتحاد کے رہنماؤں، کارکنان اور ہزارہ وال کے عوام سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ولی محمد خان جدون کی مغفرت فرمائے، انہیں اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین، ہزارہ عوامی اتحاد کے رہنماؤں، کارکنوں اور عوام کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت وحوصلہ عطا فرمائے۔(آمین)

## کراچی، سندھ اور ملک دشمن عناصر ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد سے شدید خوفزدہ ہیں
## سازشی عناصر اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل کیلئے معصوم اور بے گناہ افراد کا خون بہارہے ہیں
## ایم کیوایم حیدرآباد کے زونل انچارج واراکین زونل کمیٹی

حیدرآباد۔۔۔27 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج واراکین زونل کمیٹی نے اپنے مشترکہ بیان میں کراچی میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 189 کے کارکن ظفر احمد حسین کے قتل کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ گذشتہ کچھ دنوں میں ایم کیوایم کے معصوم بے گناہ کارکنان وہمدردوں کا سیکڑوں کی تعداد میں قتل عام کراچی شہر اور حق پرستی کی تحریک کے خلاف گھناؤنی سازش ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ سازشی عناصر اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل کیلئے معصوم اور بے گناہ افراد کا خون بہارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایسے درندہ صفت عناصر انسانیت کے دامن پر ایک بدنما داغ کی مانند ہیں اور ایسے ظالم انسان کہلانے کے ہرگز حقدار نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی اور سندھ دشمن عناصر ایم کیوایم کی جدوجہد سے شدید خوفزدہ اور ایم کیوایم کے کارکنان کے پیغام حق پرستی کے پرچار سے روکنے کے درپہ ہیں مگر یہ دہشت گرد عناصر اپنے ناپاک عزائم میں کبھی بھی کامیابی حاصل نہیں کرسکتے۔انہوں نے کہا کہ یہ دہشت گرد عناصر صرف ایک خاندان کے ہی نہیں بلکہ پوری قوم اور معاشرے کے مجرم ہیں اور انکی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔انہوں نے ایم کیوایم کے کارکن ظفر احمد حسین کی شہادت پر انکے اہلخانہ سے اپنے گہرے دکھ اور غم کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہیدوں کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور تمام سوگوار لواحقین کو صبر وجمیل عطا فرمائے(آمین)

## جہیز نہ لینے کا اعلان کرنے والے نوجوانوں کو ایم کیوایم سینے سے لگائے گی، افتخار اکبر رندھاوا

ملتان۔۔۔۔۔27 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے کہا ہے کہ جہیز کی رسم لعنت جسے معاشرے سے ختم کرنا ہوگا اور اس رسم کے خاتمے میں نوجوان اپنا کردار ادا کریں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جہانیاں کے نواحی گاؤں 112 دس آر مرفی پورہ میں مستحق بچیوں کے والدین کو شادی کے مواقع پر ضروریات کے سامان کی فراہمی کی تقریب سے خطاب میں کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم ملتان زون کے انچارج واراکین کمیٹی اور عمائدین جہانیاں موجود تھے۔افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ ہمارے پیارے نبی کریمؐ نے ہمیشہ سادگی کی تلقین کی مگر ہمارے معاشرے میں ہندوانہ رسومات کی وجہ سے بہت سی پیچیدگیاں جنم لے رہی ہیں، جہیز کی وجہ سے ہماری بہت سے بچیوں کی شادیاں نہیں ہو پاتی ہیں۔ہم سب کو ملکر اس مکروہ رسم کو ختم کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ جو نوجوان جہیز نہ لینے کا اعلان کریں گے ایم کیوایم انہیں اپنے سینے سے لگائے گی۔اس موقع پر انہوں نے مستحق بچیوں کے والدین میں ضروری سامان اور نقد رقوم تقسیم کیا۔اہلیان جہانیاں نے ایم کیوایم کے اس مثبت اقدام کو سراہتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کی دعائیں کیں۔

# ظلم اور جبر کے نظام کے خلاف قائد تحریک الطاف حسین کی جدوجہد ایک روشن استعارے کی حیثیت رکھتی ہے، سیّد محمد علی شاہ

ٹنڈوالہ یار:۔۔۔۔27 ستمبر 2012ء

ایم کیوایم ٹنڈوالہ یارزون کے زونل انچارج سید محمد علی شاہ نے کہا ہے کہ ظلم اور جبر کے نظام کے خلاف قائد تحریک الطاف حسین کی جدوجہد ایک روشن استعارے کی حیثیت رکھتی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ الیکشن سیل کے ذمہ داران کے اجلاس کے دوران حاضرین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر انکے ہمراہ اراکین زونل کمیٹی آفتاب عالم، ثاقب احمد خانزادہ، ارسلان خانزادہ اور راشد علی بھی موجود تھے۔انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کے قابل تقلید کردار اور عمل نے سیاست کے طالبعلموں کو غوروفکر کی نئی جہتوں سے روشناس کرایا۔قائد تحریک الطاف حسین نے تمام تر مراعات اور عہدوں کی پیشکشوں کی ٹھکرا کر مظلوموں کے حقوق کے لئے آواز بلند کرنے کا عمل ہمیشہ جاری رکھا اور ظالم حکمرانوں کے آگے اپنے سر کو نہ جھکا کر حضرت حسین ابن علی علیہ السلام کی سنت کی پیروی کی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو مشکلات کے بھنور سے نکالنے کے لئے ملک بھر کی عوام کو اپنی خاموشی کے قفل توڑ کر حق کو حق اور باطل کو باطل کہنے کی روش کو اپنانا ہوگا۔بصورت دیگر مٹھی بھر انتہا پسند اور کرپٹ ٹولے کا گٹھ جوڑ ملک میں بسنے والی اٹھانوے فیصد اکثریت کے مستقبل کو تاریکی کے اندھیروں میں دھکیلنے کا سبب ثابت ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ملک دشمن قوتیں نت نئی بحرانوں کو جنم دے کر پاکستان کے وجود کو نقصان در پے ہیں۔قوم کے ایک ایک فرد کو اتحاد اور اتفاق کا عملی مظاہرہ کر کے پاکستان کے خلاف کی جانے والی سازش کو ناکام بنانا ہوگا۔

☆☆☆☆☆